سوال

(313) روزے رکھنے کی خاطر بندش حیض کی گولیاں کھانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگوں کے ساتھ روزے رکھنے کی خاطر ماہواری کو روکنے والی گولیاں کھانے کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میں تو اس سے خبردار کرتا ہوں اس لیے کہ بندش حیض کی گولیاں استعمال کرنے میں بہت سا نقصان ہے اطباء کی معرفت میرے پاس اس کا ثبوت موجود ہے لہٰذا میں سائلہ سے کہتا ہوں یہ حیض وماہواری ایک ایسی چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی بیٹیوں پر لکھ دی ہے لہٰذا تو اللہ کے لکھے ہوئے پر قناعت کرتے ہوئے اس وقت تک روزے رکھ جب تک کوئی مانع رکاوٹ نہ ہو اور جب کوئی رکاوٹ پیدا ہو جائے تو اللہ عزوجل کی تقدیر پر رضا مندی کا اظہار کرتے ہوئے روزہ ترک کر دے۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 279

محدث فتویٰ